بسم اللہ الرحمن الرحیم

# بیماری کے سبب عورت کے بال چھوٹے ہوگئے، تو عمرہ میں تقصیر کا حکم

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

بیماری کے سبب عورت کے سر کے بال کندھوں سے اوپر ہوگئے، تو عمرہ کرنے کی صورت میں تقصیر کا کیا حکم ہوگا؟

## جواب

پوچھی گئی صورت میں جب تک تقصیر ممکن ہو عورت احرام سے نکلنے کے لیے تقصیر ہی کروائے گی، البتہ جب بال اتنے چھوٹے رہ جائیں کہ تقصیر ممکن نہ رہے یعنی پورے کی مقدار سے بھی کم رہ جائیں، تو عورت کو تقصیر کی معافی ہوجائے گی اور حلق کروانا شرعاً اس کے لیے جائز نہیں تو اب حلق و تقصیر دونوں سے وہ عاجز ہے لہٰذا جب اس کے احرام سے نکلنے کا وقت آجائے گا تو بغیر تقصیر اور بغیر حلق کے وہ احرام سے باہر ہوجائے گی۔

فتاوی حج و عمرہ میں ہے: "عورت کے حق میں حلق تو پہلے ہی متعذر تھا کہ شرعاً ممنوع ہے باقی رہی تقصیر تو وہ اس وقت متعذر ہوگی جب بال تقصیر کے قابل نہ ہوں عورت کے بال تقصیر کے قابل ہوں تو تقصیر لازم ہوگی۔" (فتاوی حج و عمرہ، جلد6، صفحہ10)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد کفیل رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-2583

تاریخ اجراء: 11 جمادی الاولیٰ 1447ھ/03 نومبر 2025ء